7414

Register Number | | | | | |

Language — URDU — Paper II

(Composition, Non-Detailed and Grammar)

Time Allowed : 2½ Hours] [Maximum Marks : 100

I - مندرجۂ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : $1 \times 15 = 15$

1- قومی یکجہتی

2- میرا پسندیدہ شاعر

3- ہندوستان ایک عظیم ملک ہے۔

II - اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی کامیابی کا ذکر کیجئے۔ $1 \times 10 = 10$

یا

اپنے مدرسہ کے ہیڈ ماسٹر کے نام ایک خط لکھکر فیس کی معافی کی درخواست کیجئے۔

III - ذیل کی عبارت کا اختصار ایک تہائی حصے میں پیش کیجئے : 10

جانور بھی ہماری طرح اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق ہیں۔ جو جان رکھتے ہیں اور دکھ درد کا احساس رکھتے ہیں۔ یہ ہماری خدمت کرتے اور ہمیں دودھ اور گوشت غذا کے طور پر فراہم کرتے ہیں۔ اسلئے ہمیں تمام جانوروں کے ساتھ نرمی، محبت اور ہمدردی کا سلوک کرنا چاہیے۔ دنیا کے ہر مذہب میں جانوروں کے ساتھ نرمی اور بھلائی کا سلوک کرنے کی تاکید کی گئی ہے کیونکہ وہ بھی ہماری طرح جان رکھتے ہیں اور تکلیف کو محسوس کرتے ہیں۔ ان کو ستانا اور تکلیف دینا بُری بات ہے۔ لیکن ایسے جانور جو انسان کو تکلیف پہنچاتے ہیں، جیسے سانپ، بچھو وغیرہ انکو مار سکتے ہیں۔ جو لوگ جانوروں پر ظلم کرتے ہیں، ان کا شمار ظالموں اور بے رحموں میں ہوتا ہے۔

[Turn over

IV - درجِ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے مختصر جواب لکھیے ۔ 3x5=15

1- عیدگاہ کا منظر اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

2- وحید کے گود لینے کے بعد وحید میں کیا تبدیلی آئی ؟

3- جاوید نے شاہینہ کو ماں باپ کی قربانیوں کا احساس کس طرح دلایا ؟

4- زہرہ بیگم نے اپنی ذمہ داریوں کو کس طرح پورا کیا ؟

5- ڈاکٹر چندر شیکھر کے کردار پر چند جملے لکھیے ۔

V - ذیل کے کسی ایک کا خلاصہ لکھیے : 1x10=10

1- کڑوا سچ   2- کہانی چور

VI - (الف) درجِ ذیل ضرب المثال کا موقعۂ استعمال بتائیے ۔ 5x1=5

1- جس کی لاٹھی اس کی بھینس

2- جیسا دیس ویسا بھیس

3- آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا

4- بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا

5- صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے ۔

(ب) درجِ ذیل محاورات کے معنی بتائیے : 5x1=5

1- باغ باغ ہونا

2- آب آب ہونا

3- پاپڑ بیلنا

4- جان میں جان آنا

5- کافور ہونا

VII - (الف) درجِ ذیل الفاظ کے اضداد لکھیے : 5x1=5

1- انکار   2- پسند   3- دُعا   4- بیمار   5- دیہات

(ب) درجِ ذیل کی جمع بنائیے ۔ 5x1=5

1- استاد   2- منظر   3- حالت   4- سوال   5- رکن

VIII - (الف) درجِ ذیل کی جنس بتائیے : 5x1=5

1- موت   2- جذبہ   3- علامت   4- شعر   5- انجام

(ب) درجِ ذیل کے ساتھ بے اور بد لگا کر الفاظ مکمل کیجیے : 5 x 1 = 5

پردہ ۔ نما ۔ بس ۔ نصیب ۔ بخت

IX ۔ درج ذیل سوالوں میں سے کوئی چار سوال حل کیجیے : $4 \times 2\frac{1}{2} = 10$

1۔ حرف تہجی کی تعریف کیجئے۔

2۔ اسمِ خاص کی قسمیں مثالوں کے ساتھ سمجھائیے۔

3۔ حرفِ عِلّت کا یہ نام کیوں پڑا ؟

4۔ فعل کسے کہتے ہیں ؟ اسکے زمانے کیا ہیں ؟

5۔ صنائع بدائع سے کیا مراد ہے ؟ اسکی کتنی قسمیں ہیں ؟

6۔ مرکب اور مفرد جملے کی کیا پہچان ہے ؟